سوال

(854)اصحابِ کہف کتنے تھے اوران کے نام کیا ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اصحابِ کہف کتنے تھے اورن کے نام کیا ہیں۔ تفصیل سے بتائیں؟ (شاہداقبال شیر نگری متعلم جامعہ کمالیہ راجووال) (۱۹فروری ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ظاہر یہ ہے کہ اصحابِ کہف سات تھے آٹھواں ان کا کتا تھا۔ کیونکہ قرآنی آیت میں اختتامی عدد یہی ہے۔

اصحابِ کہف کے ناموں کے بارے میں کوئی صحیح نص موجود نہیں۔تاہم بعض مفسرین نے جونام ذکرکیے ہیں ملاحظہ فرمائیں: مکسلینا، تملیخا، مرطوس، نینوس، ساربونس، ذونواس، فلیستطینونس۔ (الفتوحات الالٰہیة: ۱۷/۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:584

محدث فتویٰ